36869 ـ صفا اور مروہ کےمابین سعي حج یا عمرہ کے علاوہ مشروع نہیں

سوال

کیا نفلي سعي کرني جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

نفلي سعي کرنا جائز نہیں اس لیے کہ سعي صرف حج یا عمرۃ میں ہي کرنا مشروع ہے اس کي دلیل مندرجہ ذیل فرمان باري تعالی ہے :

یقینا صفا اور مروہ اللہ تعالی کي نشانیوں میں سے ہیں اس لئے بیت اللہ کا حج وعمرہ کرنے والے پر ان کا طواف کرلینے میں بھي کوئي حرج نہیں ،اپني خوشي سے بھلائي کرنے والوں کا اللہ تعالی قدر دان ہے اور انہیں خوب جاننے والا ہے البقرۃ (158) .